ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (77)

03-02-2023

## بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روزایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اورامام بارگاہوں کے وزٹ،سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر ماموراہلکاروں کوالرٹ رہنے کی ہدایت کی،ہم الرٹ رہیں گےتو شرپسندعناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی اوعبادت نثار کی ہدایت پرعمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامورافسران واہلکاران کو چیک کیا۔سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجوداسلحہ اورحفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کوالرٹ رہ کرڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی اوعبادت نثارنے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارافرض بہت اہم ہے،شہریوں کواحساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسندعناصر پرکڑی نظررکھیں اورالرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گےتو شرپسندعناصراپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے،انہوں نے ایس ڈی پی اوز اورایس ایچ اوزکواپنے اپنے ایریا میں مؤثرگشت اورسیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور جمعتہ المبارک کے روز پولیس اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (78)

03.02.2023

**بہاول پور ( ) عوام الناس کو میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام۔ بہاولپور پولیس کی جانب سے گذشتہ ماہ جنوری 2023 کی پولیس خدمت کاونٹرز کی کارگردگی رپورٹ شائع کردی گئی۔ ماہ جنوری میں کل 296 میڈیکولیگل سرٹیفیکٹ بنائے گئے جس میں عوام الناس کو معاونت فراہم کی گئی۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو میڈیکل لیگل سروسز کی فراہمی میں معاونت فراہم کرنا ہمارا فرض ہے تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی معیاری میڈیکولیگل سروسز کی پالیسی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو معیاری میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے جس کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ پولیس خدمت کاونٹر کے زریعے متاثرہ شخص / مضروب کو تھانہ کے بجائے براہ راست ہسپتال لے جا کر میڈیکل سہولت فراہم کی جاتی ہے اور ڈاکٹروں کے معائنے کے بعد، میڈیکل سرٹیفیکٹ بنائے جاتے ہیں۔ گذشتہ ماہ جنوری 2023 میں پولیس خدمت کاونٹرز کی براہ راست معاونت سے 296 میڈیکولیگل سرٹیفیکٹ بنائے گئے، جس میں 216 مرد حضرات اور 80 خواتین مستفید ہوئے۔ اس سلسلہ میں ضلعی فوکل پرسن ڈسٹرکٹ میڈیکولیگل پولیس صفدر بھٹی اور انکی ٹیم 24 گھنٹے سروسز کی فراہمی بلاتعطل جاری رکھے ہوئے ہیں جو کرپشن سے پاک، شفاف، بااخلاق اور بہترین ماحول میں باکردار ٹیم اپنے فرائض کی انجام دے رہی ہیں۔ خواتین کے لئے لیڈی پولیس کا عملہ بھی ہمہ وقت موجود ہوتا ہے جو کسی بھی ایمرجنسی یا حادثہ کی صورت میں ریسکیو 1122 سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔ متاثرہ شخص کی فوری طور پر رہنمائی کرتے ہوئے مضروب یا متاثرہ خاتون / مرد فوری طور پر طبی امداد و معائنہ کراتے ہیں۔ MLC کی تکمیل کے لئے فوری طور پر ڈاکٹرز / میڈیکل اسٹاف کے عملے سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور MLC کی تکمیل کے بعد متعلقہ تفتیشی آفیسر کو فوری طور پر آگاہ کرتے ہیں جو کہ مقدمات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ پولیس خدمت کاونٹر ڈی پی او بہاول پور کے براہ راست نگرانی میں ہوتا ہے۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام الناس کو معاری سروسز کی فراہمی کے لئے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔ میڈیکل لیگل سرٹیفیکٹ کے حصول کے لئے پولیس خدمت کاونٹر کا قیام معیاری سروسز کی فراہمی کی طرف ایک اہم قدم ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاولپور پولیس کی جانب سے گذشتہ ماہ جنوری 2023 کی پولیس خدمت کاونٹرز کی کارگردگی رپورٹ شائع کردی گئی**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(79)

03-02-2023

# بہاولپور: ڈی پی او عبادت نثار نے ضلع بھر میں بینکوں اور مالیاتی اداروں کا سیکیورٹی آڈٹ کرنے کا حکم دے دیا، بینکوں اور مالیاتی اداروں کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کرنے کی ہدایات جاری، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز بینکوں اور مالیاتی اداروں کی سیکیورٹی روزانہ چیک کریں، سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سمیت سیکیورٹی کے تمام متعین ایس او پیز پر عمل کروائیں، ڈی پی او۔

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو بینکوں و مالیاتی اداروں کے سیکیورٹی آڈٹ کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی جگہ پر چھینا جھپٹی اور ڈکیتی کی واردات معاشرتی امن کو عدم توازن کا شکار کر دیتی ہے تاہم خدانخواستہ اگر یہ واردات بینکوں یا مالیاتی اداروں میں ہو جائے تو اس سے معاشرتی امن بگڑ جاتا ہے، پولیس کی ذمہ داری ہے کہ وہ بینکوں اور مالیاتی اداروں کو فول پروف سیکیورٹی مہیا کرے، ایس ڈی پی اوز سرکل اور ایس ایچ اوز تھانے کی حدود میں واقع بینکوں اور مالیاتی اداروں کے سیکیورٹی انتظامات کو روانہ چیک کریں، بینکوں کے اردگرد منڈلانے والے مشکوک اور مشتبہ افراد پر کڑی نظر رکھی جائے کیوں کہ اسی نوعیت کے عناصر ہی وارداتیں کرتے ہیں یا وارداتوں میں سہولت کاری کرتے ہیں۔ ڈی پی او عبادت نثار نے کہا کہ بینکوں کی اے ٹی ایم مشینز کی سیکیورٹی کے حوالے سے بھی موثر انتظامات ہوں، پولیس بینک کی مقامی انتظامیہ سے مل کر اس بات کو یقینی بنائے کہ سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب اور بینک گارڈ کے پاس میٹل ڈیٹیکٹر سمیت سیکیورٹی کے وہ تمام ایس او پیز گراس روٹ لیول تک مکمل ہوں جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے جاری کرتے ہوئے متعین کیے ہیں، ڈی پی او عبادت نثار نے کہا کہ ایس ڈی پی اوز مجھے روزانہ کی بنیاد پر بینکوں کی سیکورٹی چیکنگ کے حوالے سے آگاہ کرتے رہیں گے اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت، لاپرواہی ہرگز نہ برداشت کی جائے گی۔

ترجمان بہاولپور پولیس